# دینہ انجمن بہبود مریضاں پاکستان و ڈنمارک کا 36 واں فری آئی کیمپ اختتام پزیر 456 مریضوں کا معائنہ کیا گیا

## کیمپ میں ڈنمارک اٹلی فرانس انگلینڈ اور دیگر ممالک کے ڈونرز نے شرکت کی، 73 کے آپریشن کئے گئے، مفت ادویات اور عینکیں تقسیم کی گئیں، مرزا محمد صابر کے اہل خانہ نے تمام تر اخراجات برداشت کئے

**اہل علاقہ کی خوش قسمتی ہے کہ اتنا اعلیٰ معیار کا فری آئی کیمپ عوام کیلئے تحفہ ہے، مخیرّ حضرات کی کاوشیں بھی قابل غور ہیں ہر ایک کو اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے، ڈی سی او جہلم**

دینہ (نامہ نگار) انجمن بہبود مریضاں پاکستان و ڈنمارک کا 36 واں فری آئی کیمپ کامیابی کے ساتھ اختتام پزیر ہوگیا۔ 456 مریضوں کے معائنے اور 73 مریضوں کے آپریشنز کئے گئے مہمان خصوصی ڈی سی او جہلم مرزا محمود الحسن اور خصوصی آمد ڈاکٹر شاہد تنویر۔ دیگر ممالک سے بھی ڈونرز کی شرکت انجمن بہبودی مریضاں کی خدمات نور بانٹنے پر قابل تحسین ہے مرزا محمود الحسن۔ تفصیلات کے مطابق انجمن بہبود مریضاں پاکستان و ڈنمارک کے زیر اہتمام 36 واں فری آئی کیمپ اقبال آئی بلاک پرائمری ہیلتھ سنٹر جی ٹی (باقی صفحہ 5 بقیہ 86



دینہ: اقبال آئی دینہ میں منعقدہ 36 ویں فری آئی کیمپ میں ڈی سی او جہلم مرزا محمود الحسن خطاب کرتے ہوئے .....

بقیہ: 86

روڈ دینہ میں ماہر آئی سرجن ڈاکٹر عامر شہزاد کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ اس فری آئی کیمپ کے مہمان خصوصی ڈی سی او جہلم مرزا محمود الحسن تھے جبکہ ای ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر شاہد تنویر نے خصوصی شرکت کی۔ اس کیمپ کو سماجی شخصیت مرزا محمد صابر کے اہل خانہ تکیہ ہاؤس تکیہ شاہ مراد قلعہ روہتاس نے تیسری بار منعقد کروایا اس کے تمام تر اخراجات برداشت کئے۔ اس کیمپ میں ڈنمارک اٹلی فرانس انگلینڈ اور دیگر ممالک کے ڈونرز نے شرکت کی۔ اس فری آئی کیمپ میں 456 مرضوں کے معائنے کئے گئے۔ 73 مرد و خواتین کے آپریشن کئے گئے مفت ادویات اور عینکیں تقسیم کی گئیں۔ حافظ محمد رفیق نے تلاوت کی۔ ڈاکٹر شوکت محمود نے انجمن کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ مرزا محمود الحسن DCO جہلم نے کہا کہ یہ اہل علاقہ کی خوش قسمتی ہے کہ اتنا اعلیٰ معیار کا فری آئی کیمپ عوام کے لئے تحفہ ہے قدر و قیمت ان کو معلوم ہے جن کی آنکھیں مکمل ہیں۔ جو آہستہ آہستہ اس نور سے محروم ہوجاتے ہیں دنیا ان کے لئے اندھیری ہوجاتی ہے۔ حاجی چوہدری محمد اقبال کا اقبال آئی بلاک کا قیام غریب عوام کے انمول تحفہ ہے۔ اجر انسان نہیں دیتا اجر وہ ذات باری دیتی ہے۔ انسانی ہاتھ جب دعا کیلئے اٹھتے ہیں تو بے نور آنکھوں میں چمک اٹھتی ہے مخیر حضرات کی کاوشیں بھی قابل غور ہیں ہر ایک کو اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے [illegible] ہے۔ فری آئی کیمپ میں عابد حسین عابدی نے دوپہر، رات اور صبح کا کھانا مریضوں کو دیا۔ انجمن بہبودی مریضاں کے عہدہ داروں ممبران اور دیگر دوست احباب نے مریضوں کی ہر موقعہ پر رہنمائی کی۔ حاجی چوہدری محمد اقبال کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔